# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: یائے مجہول | |

**مقاصد:** یائے مجہول کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 23۔ پاسا، چارٹ پیپر کا بنا ایک راستا

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)







- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب تختہ تحریر کے پاس میز پر چارٹ پیپر کا بنا ہوا ایک راستا رکھ دیں، جس کی ایک طرف آغاز اور دوسری طرف اختتام لکھا ہو۔ اس کے علاوہ اس کے آغاز میں ایک کھلونا نما ڈائنوسار بھی رکھ دیں۔
- اس راستے پر مختلف خانے بنے ہوں جن میں اعادہ کے لیے یائے معروف والے مختلف الفاظ لکھے ہوں۔
- اس کے پاس میز پر ایک پاسا رکھ دیں۔
- جماعت میں سے کسی بچے کو بلائیں، اسے کہیں کہ وہ پاسا گھما کر میز پر پھینکے، پھر جو نمبر آئے گا، وہ بچہ ڈائنوسار کی مدد سے اتنے خانے چارٹ پیپر کے بنے ہوئے راستے پر عبور کرے گا، اس دوران میں وہ ہر خانے میں لکھے ہوئے لفظ کی آواز کی ادائی کرے گا اور پھر آخری خانے میں جو لفظ لکھا ہو گا، اس کی آواز کی ادائی کرتے ہوئے جلدی سے اس سے بننے والا زبانی ایک جملہ بنائے گا۔
- درست جملہ بنانے پر اس گروہ کو چار نمبر مل جائیں گے۔ اسی طرح یہ سرگرمی جماعت کے مختلف بچوں سے کروائیں۔
- جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اور انھیں بہترین جملہ ساز کے اعزازی کارڈ لگائے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بورڈ کی مدد سے یا (ی ے) کی اقسام اور تعارف کروائیں۔
- اس کے بعد بچوں سے کہیں کہ آج ہم یائے کی تیسری قسم یائے مجہول کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ جیسے اللہ کی بنائی ہوئی ہر مخلوق کی دنیا میں کوئی نہ کوئی جگہ اور خاص کام ہے اسی طرح حروف تہجی میں ہر حرف کی اپنی ایک اہمیت ہے۔
- ہم نے یہ مشاہدہ کیا ہو گا کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی دوسری طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں کہ یائے مجہول چھوٹی "ی" کے مقابلے میں قدرے کم ادا ہوتی ہے۔
- اس کی آواز بڑی "ے" کی طرح ہوتی ہے۔
- یائے مجہول کا ظاہر کر کے نہیں پڑھا جاتا اور اس کے پہلے حرف کے نیچے زیر نہیں ہوتی، مثلاً شیر، بھیڑ، بیر، بٹیر وغیرہ عام طور پر یائے معروف کو چھوٹی "ی" اور یائے مجہول کو بڑی "ے" کہتے ہیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 23 کھلوائیں۔



- بچوں کو یائے مجہول کے الفاظ پر مشتمل پہلی لائن پڑھنے کے لیے کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔ اسی طرح یائے مجہول کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے مجہول کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔ چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- اس کے بعد بورڈ پر چند "یائے مجہول" کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- بچوں کی دو ٹیمیں بنا دیں اور ہر ٹیم میں سے چار چار بچوں کو بلا لیں۔ تختہ تحریر کے سامنے ذرا فاصلے پر لمبائی کے رخ میں ایک رسی رکھ دیں۔
- دونوں ٹیموں کے بچوں کو قطار میں اس رسی کی دونوں اطراف میں اس طرح سے کھڑا کر دیں کی ان کے چہروں کا رخ تختہ تحریر کی طرف ہو اور تختہ تحریر کو ان کا Winning point بنا دیں۔
- تختہ تحریر پر یائے مجہول کے الفاظ کے حروف جیسے: "کھے + ل" کے حروف الگ الگ کر کے لکھ دیں۔
- جو بچہ سب سے پہلے ان حروف ملا کر درست لفظ بتائے گا، وہ چاہے قطار میں کہیں بھی کھڑا ہو، آگے آ کر تختہ تحریر پر لکھے حروف کے سامنے مکمل لفظ لکھے گا اور پھر واپس جا کر اپنی ٹیم کی قطار میں سب سے آگے جا کر کھڑا ہو جائے گا۔
- اس طرح یہ سرگرمی تمام الفاظ پر کروائیں۔
- آخر میں جس ٹیم کے بچے زیادہ الفاظ بتاتے ہوئے تختہ تحریر کے زیادہ قریب ہوں گے، وہ ٹیم فاتح قرار پائے گی۔
- اسی طرح یہ سرگرمی گروپوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔ جو بچے مقررہ وقت میں یہ کام کر لیں گے وہ یہ مقابلہ جیت جائیں گے اور انھیں کوئی انعام دیا جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر یائے مجہول کے چند الفاظ لکھیں اور متفرق بچوں کو بلا کر جماعت کے سامنے کھڑا کر کے ان الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) گھر سے یائے مجہول کے مزید الفاظ کاپی پر لکھ کر لانے ہیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: یائے معدولہ | |

**مقاصد:** یائے معدولہ کے الفاظ پڑھ سکیں۔


**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 23۔
چارٹ پیپر کا بنا ہوا خرگوش چسپاں، ٹوکری، سادہ شیٹ، ٹین گلو اور پرچیاں، تین ڈبے

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب اب بورڈ پر چارٹ پیپر سے بنے ایک خرگوش کی تصویر چسپاں کر دیں اور اس کے پاس میز پر ایک ٹوکری میں کاغذ کی بنی گاجریں رکھ دیں، جن پر یائے مجہول کے الفاظ لکھے ہوں۔
- بچوں کے چار گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کو انھی الفاظ سے متعلقہ حروف کی پرچیاں دے دیں۔
- ہر گروہ کو صرف ایک لفظ کے حروف کی پرچیاں دیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ خرگوش کے کھانے کا وقت ہو گیا ہے آئیں ایک ایک کر کے اسے کھانا کھلائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے گروہ کے پاس جس لفظ کے حروف آئے ہیں ان کے بارے میں ایک دوسرے کو بتائیں اور آپس میں بات چیت کے بعد ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔
- پھر کسی ایک گروہ کے بچے کو حروف سمیت بلائیں۔ اسے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ ان کے پاس کس لفظ کے حروف ہیں اور پھر ٹوکری میں سے اس تصویر سے متعلقہ الفاظ پر مشتمل گاجریں ڈھونڈ کر اس لفظ کی ادائی کرتے ہوئے ہاتھی کو کھلائے۔
- جو گروہ یہ سرگرمی بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا اور اسے بہترین طلبہ کے اعزازی کارڈ دیے جائیں گے۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- بچوں کو بتائیں کہ کچھ الفاظ بولنے میں کسی طرح بولے جاتے ہیں جبکہ لکھنے میں وہ کسی دوسری طرح لکھے جاتے ہیں۔
- آج ہم ایسے ہی الفاظ کے بارے میں جانیں گے۔ بچوں کو بتائیں گے کہ آج ہم یائے معدولہ کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بچوں کو بتائیں کہ یائے معدولہ کے آخر میں عموماً حرف الف آتا ہے۔
- بچوں سے قاعدے کا صفحہ نمبر 23 کھلوائیں۔
- اس پر لکھی یائے معدولہ کی پہلی لائن پڑھنے کو کہیں۔
- درست ادائی کی صورت میں شاباش دیں اور غلطی کی صورت میں خود الفاظ کی ادائی کریں۔ اسی طرح یائے معدولہ کے تمام الفاظ کی پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد یائے معدولہ کے چند الفاظ بورڈ پر لکھیں اور ان الفاظ کی مدد سے بچوں کو جملے بنا کر سنائیں۔ چند الفاظ کے بچوں سے بھی جملے بنوائیں۔
- بورڈ پر چند "یائے معدولہ" کے الفاظ کے توڑ لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ان حروف کو جوڑ کر لفظ مکمل کریں۔

- بچوں کے کام کی نگرانی کریں۔ جہاں بچوں کو مشکل پیش آئے ان کی مکمل راہ نمائی کریں۔
- اب بچوں کے تین گروہ بنادیں اور انھیں تین سادہ شیٹ، تین گلو اور تین پرچیاں بند کر کے دیں جن پر سورج، چاند اور تارا لکھے ہوں۔
- ایک پرچی پر صرف ایک چیز کا نام لکھا ہو۔ بچوں سے کہیں کہ وہ پرچی کھولیں اور دیکھیں کہ ان کے پاس کس رنگ کی پرچی آئی ہے۔
- اب میز پر تین ڈبے رکھیں۔ ایک ڈبے کے اوپر سورج، دوسرے پر چاند اور تیسرے پر تارے کی تصویر لگی ہو۔
- ان ڈبوں میں الفاظ " جلایا، سنایا، بٹھایا، پکایا، دبایا اور دکھایا" کے الفاظ پر مبنی پرچیاں ہوں۔ ایک ڈبے میں صرف دو الفاظ کی پرچیاں ہوں۔
- اب ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جس چیز کے نام پر مبنی پرچی آئی ہے، اس کی تصویر پر مبنی ڈبا وہ اٹھا کر لے جائیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ ڈبے میں سے الفاظ کی پرچیاں نکالیں، ان پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور گلو کی مدد سے سادہ شیٹ پر چسپاں کریں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں اور اس سے کہیں کہ ان کے پاس جو الفاظ آئے ہیں، تختہ تحریر پر وہ الفاظ لکھیں اور اس کی درست ادائی کریں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ جیتنے والے گروہ کے لیے تالیاں بجوا کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**اعادہ:**(3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:**(5 منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھ دیں، پھر مختلف بچوں کو بلا کر ان سے یائے معدولہ کے گرد دائرہ لگوائیں۔

**گھر کا کام:**(2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: اعراب | |

**مقاصد:** زبر، زیر، پیش، جزم، غنہ اور تشدید کی مشق کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر/ چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 23

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)




- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- میز پر تین ٹوکریاں یا خالی ڈبّے رکھ دیں۔ ان کے باہر زبر، زیر اور پیش کے کارڈ لگا دیں۔
- اب میز پر مختلف اعراب کی حامل مختلف تصویریں یا الفاظ پر مبنی کارڈ اُلٹے کر کے پھیلا کر رکھ دیں۔
- جماعت میں سے چند بچوں کو باری باری بلائیں اور ایک ایک کارڈ اٹھانے کے لیے کہیں۔
- اس پر موجود تصویر یا لفظ کو غور سے دیکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے نام کی ادائی کرتے ہوئے اسے متعلقہ اعراب والے ڈبّے میں ڈالنے کے لیے کہیں۔
- سرگرمی کو درست طریقے سے مکمل کرنے والے بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- کتاب کے صفحہ نمبر 23 کی سرگرمی کروانے سے پہلے شیٹوں پر اعراب "زبر، زیر، پیش، شد، تنوین" کے حامل مختلف الفاظ بنا اعراب کے لکھ دیں۔
- ایک شیٹ پر دس الفاظ لکھے ہوں اور کوئی لفظ دہرایا نہ جائے۔ بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور انھیں یہ شیٹیں دے دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ شیٹوں پر لکھے ہوئے الفاظ دیکھیں۔
- ان پر درست جگہوں پر اعراب لگائیں اور درست تلفظ سے پڑھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو شیٹ سمیت بلائیں۔
- اسے اپنے گروہ کے لگائے ہوئے اعراب کو مدِ نظر رکھتے ہوئے الفاظ پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔
- مارک شیٹ ساتھ ساتھ بناتے جائیں۔ جن الفاظ کا بچہ غلط تلفظ ادا کرے وہ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- بچہ جب الفاظ پڑھ لے تو اس گروہ کے حاصل کردہ نمبر بتائیں۔ جن الفاظ کا بچے نے غلط تلفظ ادا کیا ہو، ان کی بلند خوانی کروائیں۔
- اس طرح سے یہ سرگرمی باقی گروہوں سے بھی کروائیں۔ آخر میں جس گروہ کے نمبر زیادہ ہوں گے، وہ جیت جائے گا۔
- اس کے بعد صفحہ نمبر 23 پر بنی سرگرمی کو بورڈ پر بنائیں اور بچوں سے سرگرمی میں لکھے تمام الفاظ کی اعراب کا دھیان رکھتے ہوئے پڑھائی کروائیں۔
- اس کے بعد متفرق بچوں کو بلا کر اعراب والے الفاظ کو درست خانوں میں لکھنے کے لیے کہیں۔

| |
|---|
| • سرگرمی مکمل کروانے میں بچوں کی مکمل مدد کریں۔<br>• درست کام مکمل کرنے والے بچے کے لیے تالیاں بجوائیں اور غلط کام کرنے والے کی پیار سے اصلاح کریں۔<br>• اس کے بعد کتاب کا کام مکمل کروائیں۔ |
| **اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔ |
| **جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھ دیں، پھر مختلف بچوں کو بلا کر ان کے اعراب پر دائرہ لگوائیں۔ |
| **گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔ |

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: الفاظ سازی | |

**مقاصد:** تصاویر کے نام لکھ سکیں۔

حروف کو جوڑ کر الفاظ بنا سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب، صفحہ نمبر 24۔ تصاویر کے ٹکڑے، چار گتّے کی ڈبّیاں، بیڈز، دوریاں، پلاسٹک کے انڈے

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- جماعت کے تمام بچوں میں الفاظ کی ایسی کاغذی پرچیاں یا چارٹ کے کارڈ تقسیم کر دیں، جن کے پر کچھ حروف مشدد لکھے ہوں۔
- بچوں سے ان الفاظ کے توڑ لکھوائیں، جیسے: لفظ "صحت" کو بچے یوں لکھیں گے: ص ح ح ت۔ کچھ پرچیوں پر الفاظ کے توڑ اور کچھ پرچیوں پر مکمل الفاظ تحریر ہوں۔
- حروف کے ملاپ سے بچے اس طرح سے لفظ لکھیں گے، جیسے: حروف س، چ، چ، ا" کے ملاپ سے بننے والے لفظ کو بچے یوں لکھیں گے، "سچا"۔
- اسی طرح سے بچوں سے مختلف الفاظ بنوائیں اور بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- اس مشق کے بعد بچوں سے علامت تشدید پر مبنی مزید، پانچ سے سات الفاظ سُن لیں۔
- ان بچوں کو ترجیح دیں جو جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے سے کتراتے ہوں۔ سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)



- جماعت کے بچوں کے چار گروہ یا بنا دیں۔ ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی بنا دیں۔ چار گتّے کی ڈبّیاں لیں۔
- ان پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر ان پر صفحہ نمبر 24 پر دی ہوئی ایک ایک تصویر لگا دیں۔
- ان ڈبیوں کے نیچے ایک تا چار لفظی گنتی یا ہندسے لکھ دیں۔




- ایک ٹوکری میں تمام ہندسے پرچیوں پر لکھ کر انھیں تہ کر کے ڈال دیں۔
- اب تمام لیڈروں کو بلائیں اور ٹوکری میں سے ایک ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔
- جس بچے کے پاس جس ہندسے کی پرچی آئے وہ اسی ہندسے پر مبنی ڈبّیا لے کر اپنے گروہ کے پاس چلا جائے۔
- جب تمام بچے اپنی اپنی جگہ پر پہنچ جائیں تو استاد بیک وقت تمام بچوں سے ڈبّیاں کھولنے کے لیے کہیں۔
- ڈبیوں پر لگی ہوئی تمام تصویروں کو دیکھیں اور اپنے گروہ سے مشاورت کے بعد انھیں فراہم کی گئی شیٹوں پر اس تصویر کا نام لکھنے کے لیے کہیں۔
- اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد تمام گروہوں سے شیٹ واپس لے لیں اور چیک کریں کہ آیا بچوں نے نام درست لکھے ہیں۔ درست جملے بنانے والے بچوں کو شاباش دیں۔

- اس کے بعد اگلی سرگرمی کو مکمل کروانے کے لیے جماعت کے بچوں کو چار گروہوں میں تقسیم کریں۔
- چار پلاسٹک کے انڈے لیں۔ چار مختلف الفاظ پھول، جوتا، سودا، چوہا اور پودا وغیرہ حروف پر مبنی Bead چار سادہ شیٹ اور چار ڈوریاں لیں ور انھیں ان انڈوں میں ڈال کر انڈے بند کر دیں۔




- ایک انڈے میں ایک لفظ کے حروف پر مبنی Bead، ایک ڈوری اور سادہ شیٹ ہو۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ انڈے کھولیں، ان میں سے حروف پر مبنی Bead ، نکالیں اور انھیں درست ترتیب سے ڈوری میں پرو کر الفاظ بنائیں، پھر وہ لفظ سادہ شیٹ پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے بچے کو بلائیں۔
- اس سے کہیں کہ وہ شیٹ تختہ تحریر پر چسپاں کرے اور پڑھ کر بتائے کہ ان کے پاس کون سا لفظ آیا تھا اور اس کے حروف کی الگ الگ ادائی بھی کرے۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر کسی اور گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس طرح یہ سرگرمی باقی گروہوں کے بچوں سے کروائیں۔ جس گروہ نے درست لفظ بنایا ہو گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- بعد ازاں کتاب کا کام مکمل کرنے کو کہیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر مختلف الفاظ لکھ دیں، پھر مختلف بچوں کو بلا کر ان کے حروف الگ کروائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی


| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: بصری الفاظ اور الفاظ سازی | |

**مقاصد:** الفاظ کے حروف الگ کر سکیں۔

اسم اشارہ 'یہ' 'وہ' کے الفاظ پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب کے صفحہ نمبر 24۔

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)



- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔ "چڑیا، کرسی، جہاز" کی تصاویر لیں اور ان کو کاٹ کر چار چار برابر حصوں میں کاٹ لیں۔
- ایک تصویر کے چار حصے کریں۔ اب تصاویر کے یہ ٹکڑے، چار سادہ شیٹ اور گلو بچوں کو دیں۔
- ایک گروہ کے حصے میں ایک شیٹ، ایک تصویر کے ٹکڑے اور گلو آئے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تصویر کے ٹکڑوں کو دیکھیں کہ وہ کس چیز کی تصویر ہے، پھر انھیں درست ترتیب سے جوڑ کر سادہ شیٹ پر گلو کی مدد سے چسپاں کریں اور اس کے نیچے اس کا نام لکھیں۔ اس کے لیے انھیں ایک منٹ دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ میں سے ایک ایک بچے کو تصویر سمیت بلا کر شیٹ تختہ تحریر پر چسپاں کروا کر اس تصویر کے نام کی خواندگی کروائیں۔
- جو گروہ یہ سرگرمی درست طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)




- اب بچوں کے چار گروہ بنا دیں۔ چار بلاکس کے نیچے والے بڑے حصوں پر الفاظ "ٹولی، خواب، وعدہ اور واپس" لکھ دیں۔ اب جو الفاظ دیے ہیں ان کے حروف کی تعداد کے مطابق بلاکس کے چھوٹے چھوٹے حصے لیں اور ان پر ان تمام الفاظ کے حروف الگ الگ لکھ دیں۔ یہ بلاکس چار پلاسٹک کی تھیلیوں میں ڈال دیں۔
- اب ہر گروہ کو ایک ایک پلاسٹک کی تھیلی دیں۔
- ایک تھیلی میں ایک لفظ سے متعلقہ بلاکس کا بڑا حصہ، جس پر لفظ لکھا ہو، اور اس لفظ کے حروف پر مبنی بلاکس کے حصے ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلی میں سے بلاکس کے حصے نکالیں۔
- بڑے حصے پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں، پھر اس کی درست ترتیب سے حروف کے بلاکس کو باہم جوڑ کر لفظ بنائیں۔
- اس کے لیے انھیں چند منٹ دیں۔ مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ سے باری باری لفظ اور اس کے حروف سے متعلق پوچھیں۔
- جس گروہ نے درست ترتیب سے حروف جوڑیں ہوں گے، وہ گروہ فاتح قرار پائے گا۔

- اب تختہ تحریر پر لفظ ٹولی کے حروف لکھیں۔
- بچوں سے ان کی اصوات کی ادائی کروائیں۔ پھر ان حروف کو ملا کر لفظ ٹولی لکھیں اور پڑھائیں۔ اسی طرح سے یہ سر گرمی باقی الفاظ کے حروف پر کروائیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی پنسلیں نکالیں اور کتاب کے صفحہ نمبر 24 پر دیے ہوئے حروف ملا کر الفاظ بنا کر لکھیں۔
- اس دوران میں کمرا جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کی نگرانی کریں اور جہاں ضروری ہو ان کی راہ نمائی کریں۔ اس طرح ان سے سارا کام مکمل کروائیں۔
- اب بچوں کو کتاب دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ پھر کمرا جماعت میں دور کی کسی چیز کی طرف اشارہ کرتے ہوئے پوچھیں کہ وہ کیا ہے؟
- ساتھ ساتھ ان چیزوں کی تصویریں بورڈ پر بنا کر ان کے ساتھ یہ، وہ کا استعمال کرتے ہوئے ان کے نام لکھ دیں۔ جیسے: یہ کتاب، وہ دروازہ۔
- اسی طرح سے یہ سر گرمی دو اور چیزوں پر کروائیں۔
- بچوں سے پوچھیں کہ بورڈ پر لکھے جملوں میں دیکھیں کہ ان میں کون کون سے الفاظ بار بار آئے ہیں؟ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔
- پھر یہ اور وہ کے دو دو جملے بچوں کو سنائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ یہ کا استعمال ہم اس وقت کرتے ہیں جب ہم کسی قریب کی چیز کے بارے میں بات کر رہے ہوں۔ جیسے: یہ کتاب، یہ کرسی،، یہ میز۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ دیکھیں کہ ان کے پاس کون کون سی چیزیں ہیں، جن کے لیے یہ کا استعمال ہو سکتا ہے؟
- بچوں کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔ بچوں کو یہ کے استعمال کی اور مثالیں دیں۔
- اب کمرا جماعت میں موجود دور کی چیزوں کے بارے میں بچوں سے مختلف سوالات کریں۔ جیسے کھڑکی کی طرف اشارہ کر کے پوچھیں کہ وہ کیا ہے؟ بچے جواب دیں گے: کھڑکی۔ اسی طرح سے کچھ اور چیزوں کے بارے میں پوچھیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ 'وہ'' کا استعمال ہم اس وقت کرتے ہیں جب ہم کسی دور کی چیز کے بارے میں بات کر رہے ہوں۔ جیسے: وہ پنکھا، وہ دروازہ۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ دیکھیں کہ ان کے پاس کون کون سی چیزیں ہیں، جن کے لیے وہ کا استعمال ہو سکتا ہے؟
- بچوں کے جوابات بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 25 پر دی ہوئی چیزوں کی تصویریں بورڈ پر چسپاں کریں اور ان کے ساتھ یہ اور وہ لکھ کر جملے بچوں سے پڑھوائیں اور یہ اور وہ کا تصور سمجھائیں۔
- اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 25 کا کام مکمل کروائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بچوں سے بورڈ پر دو دو یہ اور وہ پر مشتمل جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| فرسٹ ٹرم: یونٹ:2 | جماعت: اوّل | مضمون: اردو |
| ہفتہ:3 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: بصری الفاظ | |

**مقاصد:** جملوں میں ہے، ہیں، میں اور ہوں کا استعمال جان سکیں۔


**تدریسی معاونات:**

بورڈ مارکر / چاک، کڈز اردو جماعت اوّل کی کتاب۔

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہوں، بچوں کو سلام کر کے ان سے سلام کا جواب لیں۔
- اب، "ہے، ہیں اور ہوں" کے فلیش کارڈ تختہ تحریر پر لگا دیں۔
- بچوں سے اس طرح سوال کریں "آپ سب کیسے ہیں؟" پھر کہیں کہ "میں ٹھیک ہوں۔"، "یہ آپ کی اردو کی جماعت ہے۔"
- اب مسکراتے ہوئے بچوں سے پوچھیں کہ کیا جو جملے آپ نے بولے ہیں وہ درست ہیں؟ بچوں کے جوابات کا انتظار کریں۔
- اب باری باری وہ ہی جملے دوبارہ دُہرائیں اور آخری لفظ کی جگہ خالی چھوڑ دیں۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ آئیں اور ہر جملے کے لیے مناسب لفظ کا انتخاب کریں۔
- (تختہ تحریر سے فلیش کارڈ اتار کر بتائیں)۔ ہے اور ہیں کے دو دو جملے بچوں کو سنائیں۔


**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)




- بچوں سے کہیں کہ آج ہم اپنے کام کا آغاز ایک دل چسپ سرگرمی کے ذریعے سے کریں گے۔
- بچوں کے کہیں کہ وہ اپنے بارے میں چند جملے بول کر بتائیں کہ وہ روز روز کون کون سے کام کرتے ہیں۔
- بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔ ساتھ ساتھ کچھ جملے بورڈ پر بھی لکھتے جائیں جو "ہُوں" پر مبنی ہوں۔
- بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر لکھے ہوئے جملے پڑھیں۔
- پھر ان سے پوچھیں کہ ان میں کیا چیز ایک جیسی ہے؟
- بچوں کا جواب ہو گا: ہُوں۔ بچوں کو بتائیں کہ جن جملوں کے آغاز میں "میں" لگایا جاتا ہے۔ عام طور پر اُن کے آخر میں "ہوں" لگاتے ہیں۔
- آج ہم "ہے، ہیں اور ہوں" کا استعمال سیکھیں گے۔

جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور ان میں الفاظ "ہے، ہیں اور ہوں" کی پرچیاں تقسیم کر دیں۔

میز پر تین ٹوکریاں رکھ دیں۔ جن کے باہر ہے، ہیں اور ہُوں کے فلیش کارڈ لگے ہوئے ہوں۔



- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی ٹوکری کے پاس آکر کھڑے ہو جائیں۔
- اب بچے اپنے پاس موجود کارڈ کو دیکھیں اور بتائیں کہ وہ لفظ، ایک چیز کے لیے استعمال ہوتا ہے یا بہت زیادہ چیزوں کے لیے۔
- بچوں سے کہیں کہ اپنے پاس موجود کارڈ کو دیکھیں اور ایک جملہ بنائیں۔
- جیسے: لفظ "ہے" والا بچہ جملہ بنائے "لڑکی پڑھ رہی ہے۔" تو دوسرا بچہ اسے اس طرح سے تبدیل کرے "لڑکیاں پڑھ رہی ہیں"۔ اور لفظ "ہوں" والا اسے اس طرح تبدیل کرے "میں پڑھ رہی ہوں"۔
- استاد خود بھی بچوں کو جملے تفویض کر سکتے ہیں۔ بچوں میں "ہے، ہوں اور ہیں" کے تصوّر کی پختگی کروائیں۔
- اب بچوں کی تین ٹیمیں بنا دیں اور انھیں تین دائروں میں الگ الگ بٹھا دیں۔
- ایک ٹیم کو ہے، دوسری کو ہیں اور تیسری کو ہُوں کے الفاظ پر مبنی پرچیاں دیں۔
- اب لفظ "ہے" والی ٹیم سے کہیں کہ وہ "ہے" پر مبنی کوئی جملہ بولے۔۔ وہ کوئی جملہ بولے گی، پھر ہیں والی ٹیم کے بچے اسی جملے کو ہیں میں بدل کر جملہ بنائیں گے۔
- اسی طرح سے یہ سرگرمی "ہُوں" کے لفظ پر مبنی ٹیم کے بچے بھی کریں۔
- اسی طرح سے بچوں سے چار پانچ جملے بنوائیں۔ جیتنے والی ٹیم کو کوئی انعام دیں۔ اس کے بعد کتاب کا صفحہ نمبر 26 مکمل کر کے لانا ہے۔

**اعادہ:** (3 منٹ) بچوں کو مختصراً سبق کا اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) بورڈ پر ہے، ہیں اور ہوں والے چند جملے لکھ دیں متفرق بچوں کو بلا کر ان سے ہے، ہیں اور ہوں کے گرد دائرہ لگوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) بچوں سے کہیں کہ جماعت میں کیا گیا کام گھر سے دہرا کر آئیں۔